طلباء کے سوالات
اعتماد قائم کرنے کے لئے گفتگو کے کارڈز

مقصد: اس اثاثے کا مقصد یہ ہے کہ ایسے سوالات کے لئے خیالات فراہم کیے جا سکیں جو اساتذہ ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں کے ساتھ اعتماد اور مشترکہ تعلقات قائم کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ سوالات کی ایک جامع فہرست نہیں ہے بلکہ تفکرات کی فہرست ہے۔ سوالات کو WIDA گفتگو کارڈ کی ٹیمپلیٹ کے ساتھ استعمال کرنے کے ارادے سے تیار کیا گیا ہے۔

ہدایات: چند سوالات منتخب کریں جو آپ کے سیاق و سباق کے عین طابق ہوں یا اپنے سوالات خود بنائیں۔ آپ کو تمام سوالات استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ان سوالات کو لکھیں جو آپ گفتگو کے کارڈ کی ٹیمپلیٹ میں استعمال کرنا چاہتے ہیں، اور پھر اپنی گفتگو کے لیے انہیں پرنٹ کریں۔ مثال کے طور پر، گفتگو کے کارڈز کو صبح کی ملاقات، ہوم روم، کلاس روم کی گفتگو، اوپن ہاؤس، گھر کے دورے، یا کسی اور رسمی یا غیر رسمی ایونٹ یا گفتگو کے دوران استعمال کیا جا سکتا ہے۔

طلباء، خاندانوں اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ استعمال کرتے وقت مدِ نظر رکھنے والی چیزیں

- **موجودہ اعتماد کا لیول:** گفتگو کے کارڈز کا استعمال اور انہیں شئیر کرتے وقت اپنے تعلقات کی مضبوطی مدِ نظر رکھیں۔ طلباء، خاندانوں اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ ابتدائی رابطے کے دوران سوال و جواب کے فارمیٹ کو زبردستی لاگو کرنے سے ناخوشگوار دباؤ پیدا ہو سکتا ہے، جس کی وجہ سے انہیں سپورٹ ملنے کے بجائے بے آرامی کا احساس ہو سکتا ہے۔
- **اعتبار مختلف طریقوں سے قائم ہوتا ہے:** چھوٹے اشاروں کو مدِ نظر رکھیں جو ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں، خاندانوں، اور کمیونٹی کے اراکین کو یہ احساس دلائیں کہ ان کو خوش آمدید کہا جارہا ہے اور ان کی قدر کی جارہی ہے۔ ان کی گھریلو زبانوں میں سادہ سلام کا طریقہ استعمال کریں۔ اگر آپ ایک انگریزی سیکھنے والے یا مہاجر ہیں تو اپنے تجربات ہم سے شئیر کریں؛ اگر آپ ان میں سے کوئی بھی نہیں ہیں تو عاجزی، خاندانوں کی زبانوں کی اقدار اور سیکھنے کے رویے کا اظہار کریں۔ یہ چیز ہمدردی اور باہمی ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد کرتی ہے۔ حتیٰ کہ چھوٹے سے چھوٹے اقدامات بھی ان کو یہ احساس دلانے میں بڑی مدد دے سکتے ہیں کہ ان کو موجودگی کو قبول کیا جارہا ہے۔
- **اعتماد وقت کے ساتھ قائم ہوتا ہے:** جہاں آپ کا آمنا سامنا ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں، ان کے خاندانوں، اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ ہو تو یہ ظاہر کریں کہ آپ دوستانہ رویّے کے ساتھ ان کو خوش آمدید کہہ رہے ہیں اور ان کی قدر کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ان کی کہانیوں اور ضروریات کو سننا، ان کی آراء اور خیالات کا جواب دینا، ایسے امور پر ان سے جڑنا جن کو وہ ترجیح دیتے ہوں، اور تعاون کے مواقع کی پیشکش کرنا۔ تعلقات بنانے کے عمل کو جاری رکھیں۔

© 2025 Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA
WIDA™ UNIVERSITY OF WISCONSIN–MADISON

اساتذہ کے لئے طلباء کے ساتھ استعمال کئے جانے والے سوالات

تعلقات بنانے کی شروعات

1. براہ کرم اپنے بارے میں کچھ بتائیں۔
   a. آپ کو کس قسم کی چیزیں کرنا پسند ہیں؟
   b. آپ کو اس وقت کس چیز پر واقعی فخر ہے یا آپ کس چیز کے بارے میں پرجوش ہیں؟
2. براہ کرم اپنے خاندان اور کمیونٹی کے بارے میں تھوڑی سی معلومات شیئر کریں۔
   a. کیا چیز آپ کے خاندان یا کمیونٹی کو آپ کے لیے خاص بناتی ہے؟
3. کیا آپ مجھے اپنی بولی جانے والی زبانوں کے بارے میں بتا سکتے ہیں (گھر میں، کمیونٹی میں، اور اسکول میں)؟
   a. آپ کو ایک سے زیادہ زبانیں بولنے کے بارے میں کیا چیز اچھی لگتی ہے؟ ایک سے زیادہ زبانیں بولنے سے آپ کی کس طرح مدد ہوتی ہے؟ کیا اس میں کوئی مشکل چیز ہے؟
   b. آپ اپنے گھر کی زبانوں کو اسکول میں کیسے استعمال کرتے ہیں؟
4. کیا آپ مجھے اپنے سکول کے بارے میں بتا سکتے ہیں؟
   a. آپ کو اسکول کے بارے میں کیا پسند ہے؟ آپ کا پسندیدہ مضمون کونسا ہے؟ کیوں؟
   b. کیا چیز مشکل ہے؟ جب کچھ مشکل ہو تو آپ کے لیے کیا چیز مددگار ثابت ہوتی ہے؟
   c. ایسی کون سی چیزیں ہیں جو آپ کو اپنی کلاس یا اسکول میں اچھا محسوس کرواتی ہیں؟
   d. آپ کا اسکول یا آپ کے اساتذہ آپ کی زبان کے پسِ منظر، ثقافتی پسِ منظر، یا خاندانی زندگی کو آپ کی کلاسز اور اسکول میں کس طرح شامل کرتے ہیں؟
   e. کیا آپ کو کبھی اسکول میں اپنی زبان، ثقافت، یا خاندانی زندگی سے جڑا کوئی منفی تجربہ ہوا ہے؟ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیسے مدد کر سکتے ہیں کہ ایسا دوبارہ نہ ہو؟
5. اپنے بہترین کلاس روم یا اسکول کی وضاحت کریں۔ یہ دیکھنے اور سننے میں کیسا لگے گا؟

تعلقات بنانے کا جاری عمل

1. معاملات کیسے چل رہے ہیں _____؟ (ایک خاص چیز نوٹ کریں جس پر آپ نے ماضی میں گفتگو کی ہو۔)
2. کیا آپ کے پاس اس بارے میں بات کرنے کے لئے کچھ نیا ہے _____؟ (کسی خاص چیز کو نوٹ کریں جس کا بارے میں آپ نے ماضی میں بات کی ہو۔)
3. اس کے علاوہ میں آپ کی مدد کیسے کرسکتا ہوں؟

WIDA is housed within the School of Education at the University of Wisconsin-Madison.
© 2025 Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA

WIDA™
UNIVERSITY OF WISCONSIN–MADISON